سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

سوموار ،12-جولائی 2021

(یوم الاثنین، یکم ذوالحج 1442 ھ)

## سترہویں اسمبلی: چونتیسواں اجلاس

جلد 34 : شمارہ 2

101

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ12۔جولائی 2021

## تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبولﷺ

## سوالات

(محکمہ داخلہ)

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## توجہ دلاؤ نوٹس

## سرکاری کارروائی

### مسودات قانون پر غوروخوض اور ان کی منظوری

1۔ مسودہ قانون(ترمیم)ہوٹلز اینڈ ریسٹورانٹس پنجاب2020(مسودہ قانون نمبر41بابت2020)

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم) ہوٹلز اینڈ ریسٹورانٹس پنجاب 2020(مسودہ قانون نمبر41بابت2020)،جیسا کہ اسے مورخہ 21دسمبر2020کو ایوان کی میز پر رکھا گیااور سٹینڈنگ کمیٹی برائے سیاحت کے سپرد کیا گیا، قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997کے قاعدہ154(6) کے تحت فوری طور پر زیرِ غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم)ہوٹلز اینڈ ریسٹورانٹس پنجاب 2020منظور کیا جائے۔

102

2۔ **مسودہ قانون (ترمیم) ٹورسٹ گائیڈز پنجاب 2020 (مسودہ قانون نمبر 42 بابت 2020)**

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم) ٹورسٹ گائیڈز پنجاب 2020 (مسودہ قانون نمبر 42 بابت 2020)، جیسا کہ اسے مورخہ 21 دسمبر 2020 کو ایوان کی میز پر رکھا گیا اور سٹینڈنگ کمیٹی برائے سیاحت کے سپرد کیا گیا، قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 154(6) کے تحت فوری طور پر زیرِ غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم) ٹورسٹ گائیڈز پنجاب 2020 منظور کیا جائے۔

3۔ **مسودہ قانون (ترمیم) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی، لاہور 2021 (مسودہ قانون نمبر 2 بابت 2021)**

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی، لاہور 2021 (مسودہ قانون نمبر 2 بابت 2021)، جیسا کہ اسے مورخہ 25 جنوری 2021 کو ایوان کی میز پر رکھا گیا اور سٹینڈنگ کمیٹی برائے سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے سپرد کیا گیا، قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 154(6) کے تحت فوری طور پر زیرِ غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی، لاہور 2021 منظور کیا جائے۔

4۔ **مسودہ قانون خلاف ضابطہ بنائی گئی ہاؤسنگ سکیموں کو باضابطہ بنانے کا کمیشن، پنجاب 2021 (مسودہ قانون نمبر 34 بابت 2021)**

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون خلاف ضابطہ بنائی گئی ہاؤسنگ سکیموں کو باضابطہ بنانے کا کمیشن، پنجاب 2021 (مسودہ قانون نمبر 34 بابت 2021)، جیسا کہ اسے مورخہ 4 مئی 2021 کو ایوان میں پیش کیا گیا اور سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے سپرد کیا گیا، قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 154(6) کے تحت فوری طور پر زیرِ غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون خلاف ضابطہ بنائی گئی ہاؤسنگ سکیموں کو باضابطہ بنانے کا کمیشن، پنجاب 2021 منظور کیا جائے۔

103

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا چونتیسواں اجلاس

سوموار ،12۔جولائی2021

(یوم الاثنین، یکم ذوالحج 1442 ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر ز لاہور میں دوپہر 2بج کر17منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری عبدالماجد نور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا
وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَ
النَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى
وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ
الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ
وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

سورۃالبقرہ آیت177

نیکی یہی نہیں ہے کہ تم مشرق ومغرب کو قبلہ سمجھ کر ان کی طرف منہ کر لو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور اللہ کی کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتے داروں پر اور یتیموں پر اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں کے چھڑانے میں خرچ کریں اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور جب عہد کر لیں تو اُس کو پورا کریں اور سختی میں اور تکلیف میں اور جنگ کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو ایمان میں سچے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو اللہ سے ڈرنے والے ہیںO

وما علینا الا البلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ جناب محمد افضل نوشاہی نے پیش کی۔

## نعت رسول مقبول ﷺ

مولا یا صلی وسلم دائماً ابدا
علی حبیبک خیرالخلقِ کلھم
محمد سیدالکونین والثقلین
والفریقین مِن عرب و مِن عجمٖ
نہ کوئی آپ جیسا تھا نہ کوئی آپ جیسا ہے
کوئی یوسف سے پوچھے مصطفیٰ کا حُسن کیسا ہے
زمین و آسماں میں کوئی بھی مثال نہ ملی
وہی سردار عالم ہیں وہی غمخوار اُمّت ہیں
وہی تو حشر کے میدان میں سب کی شفاعت ہیں
شفاعت کے لئے سب کی نظر اُن پر لگی ہوگی
درود اُن پر سلام اُن پر یہی کہنا خُدا کا ہے
خُدا کے بعد جو ہے مرتبہ صلے علیٰ کا ہے
حدیث پاک کہلائی جو باتیں آپ نے کہیں
مولا یا صلی وسلم دائماً ابدا
علی حبیبک خیرالخلقِ کلھم

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** جی، فرمائیں!

## کورم کی نشاندہی

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! انتہائی ادب و احترام کے ساتھ آپ کی خدمت میں ایک دو گزارشات کرنی چاہتا ہوں۔ آپ نے جب بھی ہمیں حکم دیا ہم نے اس کو قابل تعظیم سمجھا اور آئندہ بھی سمجھیں گے کیونکہ آپ کی عزت، مرتبہ، رُتبہ، آپ کا خاندانی background اور آپ کا ہمارے ساتھ جو attitude and behavior ہے اس کے لئے ہم آپ کو salute کرتے ہیں۔

جناب سپیکر! آپ کی موجودگی میں آج ہمیں جو ایجنڈا ملا ہے اس میں different bills لائے گئے ہیں اور سب سے زیادہ جو fraudulent legislation ہوتی ہے اس کو Rule-154(6) کے تحت take up کیا جاتا ہے۔ آج بھی اسی طرح سے so many bills Rule 154(6) کے تحت take up کرنے کے لئے ایجنڈے پر رکھے گئے ہیں۔

جناب سپیکر! اُس وقت جب COVID-19 کا زور تھا تو آپ حکم دیتے تھے اور ہم مانتے تھے۔ اب بھی مانیں گے۔ اُس وقت COVID-19 تھا اور آپ نے حکم دیا کہ کسی نے کورم کی نشاندہی نہیں کرنی، کوئی ایسی بات نہیں کرنی اور کوئی ایسا کام نہیں کرنا۔ ہم نے آپ کا ہر حکم تسلیم کیا اور آئندہ بھی کریں گے لیکن آج اگر اس طریقے سے قانون سازی کی جائے گی تو پھر یہ ایک سیاہ دن ہوگا۔ میں انہی گزارشات کے ساتھ کورم point out کرتا ہوں۔ ایوان میں کورم نہیں ہے لہٰذا آپ پہلے کورم پورا کریں اور پھر کارروائی چلائی جائے۔

**جناب سپیکر:** کورم point out ہو گیا ہے لہٰذا گنتی کی جائے (اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

کورم پورا نہ ہے لہٰذا پانچ منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر پانچ منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی گئیں)

**جناب سپیکر:** دوبارہ گنتی کی جائے۔ (اس مرحلہ پر دوبارہ گنتی کی گئی)

کورم پورا نہیں ہے لہٰذا پندرہ منٹ کے لئے اجلاس adjourn کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر پندرہ منٹ وقفہ کے لئے اجلاس کی کارروائی ملتوی کی گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر 2 بج کر 49 منٹ پر دوبارہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب سپیکر:** گنتی کی جائے۔ (اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کا قاعدہ 5(2) ہے کہ:

"اگر مذکورہ وقت کے ختم ہونے کے بعد دوبارہ گنتی کرنے پر بھی یہ پتا چلے کہ کورم پورا نہیں ہے تو سپیکر، موقع کی مناسبت سے اجلاس کو دوسرے یوم کار تک یا غیر معینہ عرصے کے لئے ملتوی کر دے گا۔"

ہاؤس میں کورم نہیں ہے لہٰذا اب اجلاس کل بروز منگل مورخہ 13۔جولائی 2021 دوپہر 2:00 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

---